NYC Department of Health & Mental Hygiene | Department of Education

9 اپریل، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

چاہے کچھ بھی ہو، ہمارے اسکولوں میں صحت اور تحفظ کو اولین ترجیح دی جاتی ہے۔ نیو یارک شہر محکمئہ صحت اور ذہنی حِفظانِ صحت (DOHMH) اور نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) نے ہماری اسکول کی برادریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے COVID-19 کی عالمی وبا کے دوران مسلسل مل کر کام کیا ہے۔ ہمیں فخر ہے کہ اس شراکت کی وجہ سے نیو یارک شہر کے پبلک اسکول کی عمارتوں کو شہر کی محفوظ ترین جگہ بنانے میں مدد ہوئی تھی۔

جیسے کہ عالمی وبا کی صورتِ تبدیل ہوتی رہی ہے، ہم نے ہر طالبِ علم کے لیے تحفظ، معاونتی تعلیمی تجربے کو یقینی بنانے کے لیے ہمارے طریقوں میں تجدید کی ہے۔ گزشتہ کل، CDC کی تفصیلی رہنمائی کی پابندی کرتے ہوئے اور سائنس معلومات کے تفصیلی جائزے کے ساتھ، ہم نے اپنے COVID-19 کے لیے اسکول کی عمارتوں کو بند کرنے کی پالیسی میں تبدیلی کا اعلان کیا ہے تاکہ ہماری صحت اور تحفظ کی پرعزم وعدے کو برقرار رکھتے ہوئے خود موجودگی میں تعلیم میں خلل میں کمی کی جا سکے۔

یہ نئی پالیسی ہمارے کئی نئے طریقوں میں سے ہے جس کو ہم نے ہماری اسکول کی برادریوں کو محفوظ رکھنے، بشمول ویکسینیشن (مدافعتی ٹیکے) کے لیے اہل نیو یارک کے تمام مکینوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے قائم کیا ہے۔ کم سے کم 65,000 اسکولوں کے عملے کے اراکین کو ویکسین لگ چکی ہے، جو کہ تحفظ کا ایک اہم حصار فراہم کرتی ہے۔ 16 سال یا اس سے بڑی عمر کے نیو یارک شہر کے تمام مکین اب COVID-19 کی ویکسین موصول کرنے کے اہل ہیں، اور ہم آپ سے اس پر nyc.gov/vaccinefinder مزید جاننے اور وقت لینے کی استدعا کرتے ہیں۔

ذیل میں اسکول بند ہونے کی نئی پالیسی کے بارے میں معلومات ہیں جنکی آپ کو جاننے کی ضرورت ہے:

ایک اسکول کس وقت بند ہو گا؟

بروز پیر، 12 اپریل، 2021 سے آغاز کرتے ہوئے، ایک اسکول صرف اس صورت میں بند ہو گا اگر 7 دنوں کے دورانیے کے دوران مختلف کلاس رومز میں **4 یا زائد** تصدیق شدہ COVID-19 کے کیس ہوں گے جن کے موجود ہونے کا سراغ اسکول کے اندر پایا جائے جس کا تعین تفتیشی ٹیم کے ذریعے کیا جائے گا۔

محکمئہ تعلیم کی کئی عمارتوں میں ایک سے زائد اسکول ہوتے ہیں اسی عمارت میں کسی اور اسکول کو بند نہیں کیا جائے گا ماسوائے جن کے پاس اپنے 4 مختلف کلاس رومز میں علیحدہ 4 یا زائد کیسز ہوں جن کے موجود ہونے کا سراغ اسکول کے اندر پایا جائے، یاان اسکولوں کے مابین تعامل بہت نزدیکی ہو جس کا تعین تفتیشی ٹیم کے ذریعے کیا جائے گا۔

اگر کسی اسکول میں 2 یا 3 کیسز ہوں تو کیا ہو گا ؟

اگر مختلف کلاس رومز میں 7 دنوں کے دورانیے کے دوران 2 یا 3 مثبت کیسز کی نشان دہی ہوتی ہے تو متاثرہ کلاس رومز کو 10 دنوں کے لیے ریموٹ تعلیم میں تبدیل کیا جائے گا۔ بقایا اسکول خود موجودگی میں تعلیم کے لیے کھلا رہے گا۔

اس کے علاوہ، آنے والے ہفتوں میں اسکول میں خود موجودگی میں تعلیم حاصل کرنے والی آبادی کو شامل کرنے کے لیے COVID-19 کی بلاترتیب معائنے میں فوراً 40% اضافہ کیا جائے گا۔ براہِ کرم توجہ کریں کہ جن لوگوں کو ویکسین لگ چکی ہے آج سے ان کو معائنے میں شامل کیا جائے گا۔

اگر کسی اسکول میں 1 کیس ہو تو کیا ہوگا؟

جب ایک اسکول میں صرف ایک تصدیق شدہ کیس ہو گا، متاثرہ کلاس روم کو 10 دن کے دورانیے کے لیے ریموٹ تعلیم میں تبدیل کر دیا جائے گا جیسا کہ یہ اس وقت کرتے ہیں۔ متاثرہ کلاس روم (رومز) میں صرف ان طلبا اور عملے کے اراکین کو کوارنٹین کرنے کی ضرورت ہو گی جن کو ویکسین نہیں لگی ہے۔

COVID-19 کے ردِ عمل میں کلاس رومز کوبند کرنا اور2 یا 3 کیسز کی صورت میں معائنے میں اضافہ کرنے کو جاری رکھنے سے ہمیں اسکول کی برادریوں کو محفوظ رکھنے میں مدد ملے گی، جبکہ ہم پورے اسکول کو بند کرنے سے بچ سکیں گے۔ ہمیں علم ہے کہ طلبا، عملے اور خاندانوں کے لیے تواتر کتنا اہم ہے، یہ طریقہ ایسا کرنے میں ہماری مدد کرے گا جبکہ ہم CDC کے رہنمائی خطوط سے مربوط ہوں گے۔ یہ کئی خاندانوں اور عملہ کے لیے بھی اثر پذیر ہے جو اس تعلیمی سال میں متعدد بار اسکول بند ہونے — اور اس کی وجہ سے مابعد خلل کے تجربے سے گذرے ہیں۔ ہمارے تمام اہلِ خانہ کے لیے ہمارا ہدف تحفظ اور استقامت ہے۔

ہمیشہ کی طرح، اس دشوار تعلیمی سال کے دوران ہم آپ کے اور آپ کے بچوں کے صبر اور استقامت کے شکر گذار ہیں۔

بخلوص،

Meisha Porter
چانسلر
محکمۂ تعلیم

Dave A. Chokshi, MD, MSc
کمشنر
محکمہ برائے صحت اور ذہنی حفظانِ صحت